DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 416

DATED 08-05-2026.

SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information & necessary action.*

for (Director General)

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO.081-920110
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 08.05.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تالابندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حکومت مدارس کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | مسلح افواج نے دشمن کو شکست دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا، بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | پاک فوج نے معرکہ حق میں بھارت کو عبرت ناک شکست دی ظہور بلیدی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | معرکہ پاکستان کی تاریخ کا سنہری اور فیصلہ کن لمحہ تھا، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | معرکہ حق میں پاکستان نے ہر محاذ پر دشمن کو شکست دی، فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پاکستان اور ایران کا کوئٹہ تفتان ریلوے ٹریک کی بحالی کے اقدامات کا جائزہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | چیف سیکرٹری کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس 1357 افسروں کی ترقی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان ہائی کورٹ جوائنٹ روڈ سمیت اہم شاہراؤں پر کمرشل تعمیرات متعلقہ حکام کو نوٹس جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کسی بھی اہلکار کو اختیارات کے ناجائز استعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی آئی جی پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خاتون افسر کو بی سی کی کمان سونپ دی گئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے نئے ایشوز ایجاد کیے جا رہے ہیں، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | وطن کے دفاع سلامتی اور استحکام کے لیے قوم سیسہ پلائی دیوار ہے، مذہبی سیاسی رہنما۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | روزگار وتجارت کی بحالی کے لیے بارڈرز کی فعالیت ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کچلاک اسلحے کی دکان سے لاکھوں روپے مالیت کا اسلحہ اور نقد رقم چوری، قلعہ عبداللہ مختلف واقعات میں تین افراد ہلاک ایک شخص زخمی، ڈیرہ مراد اور بختیار آباد میں مختلف واقعات میں ایک شخص ہلاک 4 زخمی، کچھی کے علاقے میں بجلی کا ٹاور دھماکے سے اڑا دیا گیا، قلعہ عبداللہ کا ملزم ٹراما سینٹر کوئٹہ سے بھاگا گھر پہنچ کر پھر پکڑا گیا، پسنی پک اپ گاڑی 8 مسافروں سمیت پراسرار طور پر لاپتہ۔

## مسائل :

خانوزئی بازار میں تجاوزات سے عوام کو مشکلات کا سامنا، خضدار پی ایچ آئی کی نااہلی مکین پینے کے صاف پانی کے لیے سرگردان، ریٹائرڈ اساتذہ کے لیے مشکلات پیدا کی جارہی ہیں اکیڈمک اسٹاف، ماشکیل کے مرکزی قبرستان میں کچرے کے ڈھیر قبروں کے بے حرمتی، خضدار آبنوشی کا بحران شدت اختیار کر گیا۔

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

**مورخہ** 08.05.2026

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت کا صوبے کی پائیدار ترقی، معاشی استحکام مفاد عامہ کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے قابل ستائش اقدامات**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان حکومت کی جانب سے عوامی مفاد کے مختلف منصوبوں پر ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جا رہا ہے جن کا مقصد صوبے کی پائیدار ترقی، معاشی استحکام کو یقینی بنانا اور صوبے کو درپیش چیلنجز سے نکالنا ہے۔ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے بیشتر منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں پائیدار ترقی، معاشی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے حکومت ایک جامع اور مربوط حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کر رہی ہے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے مؤثر فروغ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، معیار اور پائیداری کو یقینی بنایا جارہا ہے جس کے مثبت اثرات معیشت اور عوامی خدمات دونوں پر مرتب ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے آٹھویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبے میں پائیدار ترقی، توانائی کے مؤثر استعمال، ماحول دوست ٹرانسپورٹ اور نجی شعبے کی شراکت داری کا کے فروغ سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اور مفاد عامہ و ادارہ جاتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جاری گرین اور پنک بس سروسز کو مرحلہ وار الیکٹرک بسوں میں تبدیل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Electrifying Green & Pink Busses A smart change !" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بدلتا ہوا بلوچستان ۔۔۔ پسماندگی سے ترقی کی جانب سفر**" کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 جمعۃ المبارک 20 ذیقعد 1447ھ 8 مئی 2026ء نمبر 126

# حکومت مدارس کی بہتری کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی

سرفراز بگٹی

تالا بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں

رجسٹریشن ایکٹ پارلیمنٹ سے منظور، اب بلوچستان اسمبلی میں پیش کیا جانا ہے، قانون سازی باہمی مشاورت سے کرینگے، مولانا واسع سے گفتگو

مدارس کے معاملے پر 15 روز سے کشیدگی جاری تھی، وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر احتجاج 20 مئی تک موخر کردیا ہے، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (خ ن/اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں، حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہے دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں، حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، یہ بات انہوں نے جمعرات کو جمعیت علما اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات میں دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کے موقع پر کہی، اس موقع پر صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ سے مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور ہوچکا ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے، اس حوالے سے جمعیت علما اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوئی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت مانگی ہے تاکہ اپنی اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جاسکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور یہ معاملہ باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم سے حل ہوجائے گا۔ انہوں نے جمعیت علماء اسلام کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی۔ دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں ہمیشہ دل کے قریب سمجھتے ہیں۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مدارس کے معاملے پر حکومت اور جے یو آئی کے درمیان گزشتہ 15 روز سے کشیدگی جاری تھی، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانی کے بعد احتجاج 20 مئی 2026 تک مؤخر کردیا گیا ہے۔ کوئٹہ میں اپنی رہائشگاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے گزشتہ روز مدارس کے معاملے پر تاریخی ہڑتال کی، جس کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان ایک وفد کے ہمراہ ان کی رہائش گاہ آئے اور معاملات پر تفصیلی بات چیت کی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مولانا عبدالواسع اپنی رہائشگاہ پہنچنے پر مصافحہ کررہے ہیں

# عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

وزیراعلیٰ بگٹی

اسپتالوں میں ادویات، ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت

وزیراعلیٰ کی شہید ساتھی کے گھر جا کر لواحقین سے تعزیت، شہید عظمت بگٹی کو خراج عقیدت پیش

بیکڑ اپر ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر بیکڑ اپر ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے۔ میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، اسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کررہی ہے تاکہ شہریوں خصوصاً دور دراز علاقوں میں بسنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر جدید طبی سہولیات میسر آسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے اور عوامی خدمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور طبی خدمات کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 20 ذی القعدہ 1447ھ 08 مئی 2026ء صفحات 08 | شمارہ 303

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ، تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں، سرفراز بگٹی

## پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کرچکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے

## مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جاسکے، بات چیت

## وزیراعلیٰ نے غلطی دوبارہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی، ہم نے لانگ مارچ کو 20 مئی تک موخر کر دیا، مولانا واسع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علما اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا واسع سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کر رہے ہیں صوبائی وزراء بھی موجود ہیں

بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حالانکہ حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہی ہے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کرچکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علما اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوتی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جاسکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور ان شاءاللہ یہ معاملہ باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم سے حل ہوجائے گا۔ انہوں نے جمعیت علما اسلام کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں ہمیشہ دل کے قریب سمجھتے ہیں۔ دوسری جانب ۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے اپنے رویے پر معذرت کی ہے اور آئندہ حکومت کی جانب سے ایسی غلطی نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے اور 10 مئی کو کوئٹہ کی جانب لانگ مارچ کو 10 روز کیلئے موخر کرنے کا مطالبہ کیا تھا اسی لیے ہم نے لانگ مارچ کو 20 مئی تک موخر کر دیا کیونکہ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنا کر معاملات کو سلجھایا جاسکتا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
NERAL OF PUBLIC
TIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

1

Dated: 08 MAY 2026 Page No. 3



بیکو، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے، انوار الحق کاکڑ اور میر خالد لانگو بھی موجود ہیں

# عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ

**دور دراز علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے**

**صحت کے شعبے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، بیکو میں حکام سے بات چیت**

**شہید عظمت بگٹی نے امن اور اپنی سرزمین کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا، تعزیت کے موقع پر گفتگو**

بیکو اپر ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر بیکو اپر ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیر اعظم انوار الحق....... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، اسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 08 مئی 2026ء بمطابق 20 ذوالقعدۃ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 127

دینی مدارس کے حوالے سے غلط فہمیاں پھیلائی گئیں، بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ

دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر گفتگو

جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں' سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حالانکہ حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہی ہے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کر چکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علماء اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوئی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جا سکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے۔

عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ کا پیرکوہ میں میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کا دورہ، مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا' سابق وزیراعظم انوار الحق بھی ہمراہ تھے

وزیراعلیٰ کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی

پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر پیرکوہ ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

عظمت خان بگٹی نے بہادری، وفاداری اور قربانی کی عظیم مثال قائم کی' وزیراعلیٰ

شہدا کی قربانیاں قوم کی تاریخ کا روشن باب ہیں حکومت شہدا کے خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی

پیرکوہ، ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک روزہ دورہ پیرکوہ ڈیرہ بگٹی کے موقع پر شہید عظمت خان بگٹی کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، سابق صوبائی وزیر خالد لانگو اور دیگر معززین بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے شہید عظمت خان بگٹی، جو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے دیرینہ ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے، گزشتہ دنوں دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید عظمت خان بگٹی کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید عظمت خان بگٹی نے وطن، امن اور اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے بہادری، وفاداری اور قربانی کی عظیم مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بہادر اور مخلص لوگ قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں جن کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔



پیرکوہ، وزیراعلیٰ کو میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-27 | جمعہ 08 مئی 2026ء بمطابق 20 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-125

# مدارس کیخلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں، سرفراز بگٹی

## جمعیت کا احتجاج 20 مئی تک مؤخر کرنے کا اعلان

**وزیراعلیٰ بلوچستان کا جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ آمد، ملاقات میں دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا**

**دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی، مولانا عبدالواسع نے اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں، سرفراز بگٹی**

**وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اپنے رویے پر معذرت کی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانی کے بعد احتجاج 20 مئی 2026 تک مؤخر کر دیا گیا ہے، مولانا واسع**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حالانکہ حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہی ہے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کر چکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علماء اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوئی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے وقت ان کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جا سکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور ان شاء اللہ یہ معاملہ باہمی مشاورت، افہام و تفہیم سے حل ہو جائے گا۔ انہوں نے جمعیت علماء اسلام کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں ہمیشہ دل کے قریب رکھتے ہیں۔

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر (بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 2 پر)

مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مدارس کے معاملے پر حکومت اور جے یو آئی کے درمیان گزشتہ 15 روز سے کشیدگی جاری تھی، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانی کے بعد احتجاج 20 مئی 2026 تک مؤخر کر دیا گیا ہے۔ کوئٹہ میں اپنی رہائشگاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے گزشتہ روز مدارس کے معاملے پر تاریخی ہڑتال کی، جس کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان ایک وفد کے ہمراہ ان کی رہائش گاہ آئے اور معاملات پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اپنے رویے پر معذرت کی اور یقین دہانی کرائی کہ واقعے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ان کے مطابق وزیراعلیٰ نے یہ وعدہ بھی کیا کہ اپنی حکومت کے دوران آئندہ ایسی صورتحال دوبارہ پیدا نہیں ہونے دی جائے گی۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے تناظر میں مدارس کی رجسٹریشن کے طریقہ کار پر بات چیت کے لیے تیار ہیں، جبکہ وزیراعلیٰ نے مدارس سے متعلق بل اسمبلی سے منظور کروانے کے لیے مزید مہلت طلب کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے احتجاج 20 مئی تک مؤخر کرنے کی درخواست کی تھی، جس پر جے یو آئی نے مشاورت کے بعد احتجاج عارضی طور پر ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ سیاست میں کوئی حرف آخر نہیں ہوتی اور معاملات کو بات چیت کے ذریعے آگے بڑھایا جاتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بروز جمعہ 08 مئی 2026ء

# دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی، خوشحالی کے دشمن، ریاستی رٹ کو ہر صورت برقرار رکھا جائیگا، وزیراعلیٰ

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا شہید عظمت خان بگٹی کے اہل خانہ سے تعزیت، وطن، امن اور اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے جان کا نذرانہ پیش کیا


### عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، غلام قادر میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ

بیکڑ، اپر ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک روزہ دورہ بیکڑ اپر ڈیرہ بگٹی کے موقع پر شہید عظمت خان بگٹی کے گھر جا کران کے اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر سابق (بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 7 پر)

وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، سابق صوبائی وزیر خالد لانگو اور دیگر عمائدین بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے شہید عظمت خان بگٹی، جو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے دیرینہ ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے، گزشتہ دنوں دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کر گئے تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہید عظمت خان بگٹی کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید عظمت خان بگٹی نے وطن، امن اور اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے بہادری، وفاداری اور قربانی کی عظیم مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بہادر اور مخلص لوگ قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں جن کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔

بیکڑ اپر ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر بیکڑ اپر ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی (بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 7 پر)

سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، اسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں خصوصاً دور دراز علاقوں میں بسنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر جدید طبی سہولیات میسر آسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے اور عوامی خدمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور طبی خدمات کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور صحت کے نظام کو جدید



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بیکڑ دورے کے موقع پر جاری منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No.

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 38 | جمعرات 07 مئی 2026ء بمطابق 19 ذوالقعدہ 1447ھ | شمارہ نمبر 125


# گرین و پنک بسوں کو الیکٹرک پر منتقل، ترقیاتی عمل میں نجی شعبے کو آگے لائینگے

میر سرفراز بگٹی

## توانائی میں کفایت شعاری کے لئے چیف منسٹر سیکریٹریٹ سولر انرجی پر منتقل کرنے کی منظوری، نجی شراکت داری کے تحت انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کرنے کا فیصلہ

## پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو تیز اور پائیدار بنایا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ کا اجلاس سے خطاب، متعدد اہم فیصلوں کی منظوری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں پائیدار ترقی، معاشی استحکام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے حکومت ایک جامع اور مربوط حکمتِ عملی کے تحت عملی اقدامات کر رہی ہے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے مؤثر فروغ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، معیار اور پائیداری کو یقینی بنایا جا رہا ہے جس کے مثبت اثرات معیشت اور عوامی خدمات دونوں پر مرتب ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے آٹھویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبے میں پائیدار ترقی، توانائی کے مؤثر استعمال، ماحول دوست ٹرانسپورٹ اور نجی شعبے کی شراکت داری کے فروغ سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اور مفاد عامہ و ادارہ جاتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر



کوئٹہ، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جاری گرین اور پنک بس سروسز کو مرحلہ وار الیکٹرک بسوں میں تبدیل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا اس اقدام کا مقصد شہری ماحول کو آلودگی سے پاک بنانا اور عوام کو جدید، محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنا ہے توانائی کے شعبے میں کفایت شعاری اور متبادل ذرائع کے فروغ کے تحت چیف منسٹر سیکرٹریٹ کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کی منظوری بھی دی گئی جس سے نہ صرف اخراجات میں کمی آئے گی بلکہ ماحول دوست پالیسیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان میں نجی شراکت داری کے تحت انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی جس سے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور مالیاتی نظام کو مزید مستحکم کیا جا سکے گا اس سلسلے میں نجی شعبے سے باضابطہ طور پر پیشکشیں طلب کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو تیز، مؤثر اور پائیدار بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے میں جدید انفراسٹرکچر اور خدمات کی فراہمی کے لیے نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ سے شہری آلودگی میں نمایاں کمی آئے گی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر ہوں گی۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ توانائی کے متبادل ذرائع کا فروغ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس ضمن میں ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نجی شعبے کی مؤثر شمولیت سے نہ صرف معیشت کو استحکام ملے گا بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے جو صوبے کی مجموعی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ان کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ عوام تک ان کے ثمرات جلد از جلد پہنچ سکیں۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر فیصل سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

بلوچستان نیوز کوئٹہ

MEMBER OF APNS | Fax 2839861 | Ph 2839851

شمارہ 75 | جلد 29


# دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، وزیراعلیٰ





CLIPPING SERVICE

DIRECTORA[TE]
GENERAL OF [PUBLIC]
RELATIONS BAL[OCHISTAN]

نظامت اع[لیٰ تعلقات عامہ]
حکو[مت بلوچستان]

Bullet No. 1

Page No. 11

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
بیاد: برکت علی

چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | جمعۃ المبارک 08 مئی 2026ء، 20 ذوالقعد 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 245

# عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں خصوصاً دور دراز علاقوں میں بسنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر جدید طبی سہولیات میسر آسکیں، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے اور عوامی خدمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، میر غلام قادر میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر گفتگو

بیکواپر ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر بیکواپر ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیر اعظم انوار الحق (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

